**بینک دولت پاکستان**

**شعبہ ملکی بازار اور زری انتظام**

**آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی**

**ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 03 برائے 2021ء** | **18 فروری 2021ء**

جناب صدور / چیف ایگزیکٹو آفیسرز

تمام بینک / ترقیاتی مالی ادارے

محترم / محترمہ،

## حکومت پاکستان کے اجارہ صکوک

براہِ کرم ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 17 برائے 2020ء سے رجوع کیجیے جس میں حکومتِ پاکستان کے اجارہ صکوک کی تحویل کی حدیں بینکوں کے لیے بیان کی گئی ہیں۔

اس سلسلے میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ مذکورہ سرکلر میں تحویل کی جو حدیں بیان کی گئی ہیں آئندہ سے ان کا اطلاق تمام موجودہ اور اس کے ساتھ ساتھ نئے اجرا پر نہیں ہوگا۔ چنانچہ حکومت پاکستان کے اجارہ صکوک تحویل کی کسی حد کی پابندی کے بغیر تحویل میں رکھے جاسکتے ہیں۔

درج بالا ہدایات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گی۔ دیگر ہدایات کسی تبدیلی کے بغیر برقرار رہیں گی۔

آپ کی مخلص،

**(رضوانہ رفعت)**

ایڈیشنل ڈائریکٹر